
# ٹیچرز گائیڈ

تحریر: رضوانہ یونس، سائرہ ابراہیم

کلاس 4 کے لئے



# ٹیچر کیلئے نوٹ

- کہانی ''بندر والا'' ایک بہت ہی عام سے کردار پر لکھی گئی ہے۔ جس سے سب بخوبی واقف ہیں۔ اس کہانی میں دلچسپی پیدا کرنے کے لئے چند عملی کام صرف تصویروں پر Develop کئے گئے ہیں۔ ہم امید کرتے ہیں کہ بچے اس سے ضرور محظوظ ہوں گے۔
یہ کتاب کلاس 4 کے بچوں کو باآسانی پڑھائی جا سکتی ہے۔ اپنے اسکول کے معیار کے مطابق اس کتاب کو دوسری جماعتوں میں بھی آزمایا جاسکتا ہے۔

## سیشن 1

- کلاس میں جانے سے قبل ٹیچر سادہ ڈرائنگ کاغذ کا انتظار کلاس کے بچوں کی تعداد کے مطابق کر لیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ آج ایک دلچسپ کام کریں گے۔ یعنی کہ وہ بندر کی تصویر بنائیں گے۔ اس موقع پر بچے یقیناً خوشی کا بے انتہا انتظار کریں گے۔ اس لئے ٹیچر بہت زیادہ ڈانٹ ڈپٹ کے بجائے بڑی خوبی سے کلاس کے نظم و ضبط کو بھی براقرار رکھے اور بچوں کی دلچپی کو بھی۔

## گھر کا کام

- بندر کے بارے میں معلومات جمع کر کے لائیں۔

## نوٹ

- اس کام کے لئے کچھ وقت بھی دیا جائے۔

## سیشن 2

- بچوں کے لائے ہوئے کام پر گفتگو کریں۔ اگر کسی نے غلطی کی ہے تو اسے درست کریں۔
بچوں کو کہانی کی کتاب دیں۔ کہانی تاثرات کے ساتھ پڑھیں تاکہ بچے اسے دھیان سے سنیں۔ پھر بچوں سے کہیں کہ وہ خود غور سے کہانی پڑھیں اور جو الفاظ مشکل لگتے ہوں۔ ایک ایک کر کے بتائیں۔ ٹیچر بورڈ پر فہرست بنائیں اور ان کے آسان الفاظ میں معنی بھی لکھیں۔ فہرست اس طرح کی ہوگی۔

| | | |
|---|---|---|
| ڈیرہ جما کر بیٹھ جانا | اچکنا | مسخرہ |
| میدان صاف کرنا | دانت دکھانا | مجمع |
| انداز | کھلکھلا کر ہنسنا | عروج پر ہونا |
| اکڑ کر چلنا | تھمادی | مٹک کر چلنا |
| گٹھری | | |

الفاظ کے معنی آسان جملوں کی مدد سے سمجھانا مناسب ہوگا۔ بچے باری باری ہر لفظ کا زبانی جملہ بنائیں گے اور اس کے بعد کوئی پانچ الفاظ جملوں میں استعمال کرنے کو دیئے جائیں۔

## گھر کا کام

- کلاس میں کروایا جانے والا کام مکمل کریں۔

## سیشن 3

- آج بچوں سے باری باری کہانی کی پڑھائی کروائی جائے۔ اس بات کا خیال رہے کہ ہر بچے کو پڑھنے کا موقع ملے۔ ایسے بچے جنہیں الفاظ کی ادائیگی میں مشکلات ہوں۔ اساتذہ ان کی مدد کریں۔ پڑھائی کے دوران بچوں سے کچھ نہ کچھ کہانی کے متعلق گفتگو کریں تاکہ بچوں کو یکسانیت کا احساس نہ ہو۔

## سیشن 4

- آج بچوں سے کہیں کہ صفحہ نمبر 2 (یا کسی اور صفحہ پر) نظر آنے والی سبزیوں، جانوروں، پیڑوں اور دوسری مختلف اشیاء کی فہرست بنائیں۔ جب بچے یہ فہرست بنالیں تو ٹیچر ان کی مدد سے ایک مکمل فہرست بورڈ پر بنائیں اور اگر کسی بچے نے کوئی چیز اپنی فہرست میں نہ لکھی ہو تو وہ بھی بورڈ پر دیکھ کر خود ہی درست کر سکتا ہے۔

## گھر کا کام

- کہانی کے کسی دوسرے صفحے کا مشاہدہ کر کے فہرست بنائیں۔

## سیشن 5

- اس سیشن میں بچوں سے مختلف بندروں کے بارے میں گفتگو کریں۔ انہیں بتائیں کہ دنیا میں بندروں کی بہت ساری نسلیں ہیں۔ لنگور اور rhesus monkey، پاکستان میں پائے جاتے ہیں۔ انہیں بتائیں کہ baboon افریقہ میں پائے جاتے ہیں۔ ان کا منہ لمبا اور پتلا ہوتا ہے۔ Chimpanzees بھی افریقہ میں پائے جاتے ہیں۔ ان کے بال گہرے سیاہ رنگ کے ہوتے ہیں اور یہ کافی عقلمند بھی ہوتے ہیں۔ ان کو زیادہ تر سائنسی تجربات کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ بن مانس (gorilas) جن کا جسم چوڑا اور بھاری ہوتا ہے افریقہ میں پائے جاتے ہیں۔ ان کے بال گہرے سیاہ رنگ کے ہوتے ہیں۔ یہ بندروں میں سب سے زیادہ طاقتور اور بڑا جانور ہے۔

Orangutan ایک بڑا بندر ہے جو زیادہ تر جنوبی ایشیا کے جزیروں میں پایا جاتا ہے۔ اس کے بازو لمبے اور بال بھورے اور لال ہوتے ہیں۔ بچوں سے کہیں کہ اگر ان کو بندر کے بارے میں کوئی اور بات معلوم ہے تو وہ کلاس کو بتائیں۔بچوں سے کہیں کہ وہ بندر کی تصویر اپنی کوپی میں چسپاں کریں۔

## گھر کا کام

- کوپی میں چسپاں بندر کا حلیہ لکھیں اور بتائیں کہ آپ کے خیال میں یہ کون سی نسل کا بندر ہے۔ اس کے ساتھ

ساتھ ان سے کہیں کہ جن بندروں کی باتیں کی گئی ہیں ان کے نام یاد کریں اور یہ بھی کہ وہ کہاں پائے جاتے ہیں اور کیا کھاتے ہیں وغیرہ۔ اگر ٹیچر کو بندر پر مزید تفصیل چاہئے ہوں تو معلومات انٹرنیٹ، اسکول میں موجود لائبریری یا IUCN کی لائبریری سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔ IUCN کا پتہ یہ ہے۔

IUCN, 1 Bath Island, Clifton Karachi.
Ph: 586-1540/41/42
www.iucn.org.pk

## سیشن 6

- بچے صفحہ 2 اور 5 کو غور سے دیکھیں اور اپنی اپنی باری پر ایک ایک سبزی کا نام بتائیں۔ جب تصویر میں نظر آنے والی سبزیوں کے نام لئے جاچکیں تو ان سبزیوں کے نام پوچھیں جو تصویر میں نہیں ہیں۔ اس گفتگو کے بعد بچوں سے کوپی کھولنے کو کہیں اور ٹیچر بورڈ پر سبزیوں کی فہرست بنائیں۔ (اردو اور انگریزی میں)

| | |
|---|---|
| سبزیاں | Vegetables |
| ٹماٹر | Tomato |
| ہری مرچ | Green Chilli |
| دھنیا | Coriander Leaves |
| بند گوبھی | Cabbage |
| کھیرا | Cucumber |
| گاجر | Carrot |
| آلو | Potato |
| پیاز | Onion |
| پودینا | Mint Leaves |
| پھول گوبھی | Cauliflower |
| کدو | Pumpkin |

اس فہرست کی مدد سے بچے بہت سے جو نام نہیں جانتے ہوں گے جاننے لگیں گے۔ اس کلاس میں یہ بھی گفتگو کریں کہ ان سبزیوں میں سے کون سی سبزی بندر کھاتا ہے۔ اگر جواب معلوم نہ ہو تو بچے والدین سے پوچھ کر آئیں۔

## سیشن 7

- اس سیشن میں بچوں سے سبزیوں کے ناموں کا املا کروائیں۔ املا کے بعد بچے کوپیاں آپس میں تبدیل کریں۔ ٹیچر درست الفاظ بورڈ پر لکھیں اور بچے اپنی اپنی کوپیوں میں اصلاح کریں۔

بچوں کو بتائیں یا لکھوائیں کہ ہر وہ چیز جس کا کوئی نام ہو اسے "اسم" کہتے ہیں۔ مثلاً بلی ایک جانور کا نام ہے۔ احمد ایک لڑکے کا نام ہے۔ میز ایک چیز کا نام ہے۔ وغیرہ وغیرہ۔ اسم عام اور اسم خاص کے معنی بھی بچوں کو

بتائیں۔ اس کے بعد ٹیچر بورڈ پر کالم بنائیں۔ صفحہ 1 اور 3 سے اسم عام اور اسم خاص چنیں۔ بچوں کی مدد سے ایک ایک کر کے فہرست بورڈ پر بنائیں۔

| اسم عام | اسم خاص |
|---|---|
| امی | سیما |
| ڈگڈگی | عذرا |
| دروازے | انور |
| پیڑ | رضی |
| کتا | جمیلہ |
| چھڑی | گل مہر |
| بندر والا | اکبر |
| ہاتھ | اصغر |
| لوگ | جاوید |
| اسکول | ناصر |

## گھر کا کام

- اپنے گھر کا مشاہدہ کر کے 5 اسم عام اور 5 اسم خاص لکھ کر لائیں۔

## سیشن 8

- ''جانور کو ستانا بری بات ہے۔'' اس پر کلاس میں گفتگو کریں۔ بچوں سے پوچھیں کہ جانوروں کو ہم کن مختلف طریقوں سے ستاتے ہیں۔ اکثر یہ ہوتا ہے کہ ہم کبھی پیار میں جانوروں کو تکلیف پہنچاتے ہیں۔ مثلاً پرندوں کو قید کرنا ہی ایک بہت بڑا ظلم ہے، خواہ ہم ان کی کتنی ہی دیکھ بھال کیوں نہ کریں۔ بچوں سے پوچھیں کہ اس جملے کا اصل مقصد کیا ہے۔ انہیں بتائیں کہ پاکستان میں جانوروں کا خیال رکھنے کے لئے کوئی خاص ادارے قائم نہیں کئے گئے ہیں۔ یہاں پر گلیوں میں کتے، بلی آوارہ پھرتے رہتے ہیں۔ یہ جانور یا تو گاڑیوں کے نیچے آ کر کچل دیئے جاتے ہیں یا پھر بچے انہیں پتھر مار مار کر زخمی کر دیتے ہیں۔

بچوں کو گدھے پر ظلم کے بارے میں بتائیں۔ بچوں نے یقیناً گدھے کے پیچھے سامان لدا ہوا دیکھا ہوگا۔ ایک مسکین سا گدھا نہ جانے کتنے من وزن کھینچتا ہے اور اسے مارا بھی خوب جاتا ہے۔ اس کے علاوہ گدھا گاڑی یا گھوڑا گاڑی میں گدھے یا گھوڑے کی گردن پر گاڑی کا پورا بوجھ ہوتا ہے جس کی وجہ سے جانور کی گردن زخموں سے بھری ہوتی ہے۔ باہر کے ممالک میں ایسا نہیں ہوتا۔ جانوروں کو شکار کرنا بھی ان پر ظلم کرنا ہے۔ جس کا انجام یہ ہے کہ دنیا میں کئی جانور ایسے ہیں جن کی نسلیں کم ہو رہی ہیں یا بالکل ختم ہو چکی ہیں۔

## گھر کا کام

- بچوں سے کہیں کہ وہ ایسے جانوروں کی فہرست بنا کر لائیں جو بلاوجہ انسان کے ظلم کا شکار ہو رہے ہیں۔ فہرست کی شکل یوں بھی ہو سکتی ہے۔

| جانور کا نام | ظلم کی نوعیت | ان جانوروں سے انسان کو کیا فائدے پہنچ رہے ہیں |
|---|---|---|

## سیشن 9

- ہم جس شہر میں رہتے ہیں، اس شہر میں ہر طرح کے ٹھیلے والے ہم نے دیکھے ہیں۔ ذہن پر زور ڈال کر بتائیں کہ کس کس چیز کا ٹھیلا آپ نے دیکھا ہے۔ کچھ ایسی چیزیں آپ نے بکتی دیکھی ہوں گی جو لوگ گلے میں یا ہاتھ میں لئے ہوتے ہیں۔ یہ چیزیں گھر کے باہر، اسکول کے باہر، بازاروں میں غرض تقریباً ہر جگہ پر نظر آتی ہیں۔
بچے ایک ایک کر کے بتائیں اور ٹیچر بورڈ پر لکھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| سبزی | پھل | دودھ | روٹی |
| چنا جور گرم | قلفی | گولا گنڈا | کھلونے |
| کپڑے | بھٹا | چنے | گڑیا کے بال |
| حلیم | دہی بڑے | اخبار | غبارے |
| ردی | وغیرہ۔ | | |

## گھر کا کام

- امی سے پوچھیں کہ اس فہرست میں دی گئی چیزوں میں سے کون سی چیزیں آپ دکان سے یا ٹھیلوں پر سے خریدتی ہیں۔ وجہ بھی بتائیں۔

## سیشن 10

- کتاب ''بندر والا'' میں سے الفاظ کی ایک فہرست بنائیں مثلاً

| | | | |
|---|---|---|---|
| بندر | دوا | امی | ساتھ |
| خوش | اجازت | مزہ | جلدی |
| شہزادے | میزان | صاف | چھڑی |
| اسکول | ٹکڑا | مالک | بستہ |
| سانپ | غبارہ | آسانی | ٹوپی |
| چشمہ | کتا | وغیرہ۔ | |

اب بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی کاپیوں پر 6 کولم بنائیں۔

## ٹیچر کیلئے نوٹ

- اگلے سیشن کے لئے بندر والے کا انتظام کروائیں۔

## سیشن 11

- بندر کا تماشہ کروائیں۔ بچے بندر والے سے سوالات کریں۔ سوالات کچھ اس قسم کے ہو سکتے ہیں۔
- بندر کی عمر کیا ہے؟
- اس کی خوراک کیا ہے؟
- بندر والا اس بندر کی مدد سے کتنے پیسے کما لیتا ہے؟
- بندر کے رہن سہن کا طریقہ؟
- اس کی عادتیں؟
- کس عمر سے بندر کی تربیت شروع کی جاتی ہے؟
- بندر کون سی باتیں جلد سیکھ جاتا ہے؟
- بندر کی تربیت میں کون کون سی مشکلات پیش آتی ہیں؟
- وہ ڈگڈگی کیوں استعمال کرتا ہے؟
- کیا بندر بغیر ڈگڈگی کے بھی کمالات دکھاسکتا ہے؟

## گھر کا کام

- بچوں نے جو کھیل دیکھا اور بندر والے کا انٹرویو کیا اس کے بارے میں وہ اپنا تجربہ لکھیں۔
اب تک انہوں نے جو املا یاد کیا تھا وہ اس کام میں ان کی مدد کرے گا۔

## سیشن 12

- اگر سیشن 12 کے لئے وقت ہو تو کلاس سے دو چلبلے بچوں سے کہیں کہ ایک بندر اور دوسرا بندر والا بن جائے اور فرضی ڈگڈگی کے ساتھ بندر کا تماشہ کریں۔ جو دوسری جماعتوں کے بچے بھی دیکھ سکتے ہیں۔
بندر سے کہیں کہ وہ بھی اپنے جذبات اور خیالات کا اظہار کرے۔

# بندر والا

## ٹیچرز گائیڈ


جملہ حقوق اشاعت : بک گروپ، کراچی
دوسرا ایڈیشن : اپریل 2007
مطبع : جے۔ ٹی۔ ایس پرنٹرز

bookgroup



187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan.
uan: (9221) 111-825-336
phone: (9221) 3439-8186
email: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

@bookgrouppk @urdubooksforchildren @bookgroupstories